# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

31 مئی 2024

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس

## بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے خلاف ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے حوالے سے ایف آئی اے کی تحقیقات اور اس بنیاد پر کسی بھی ممکنہ نئے مقدمے کے اندراج کو بلاجواز قرار دیکر مسترد کردیا

- اجلاس میں حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ کے مندرجات پر مشتمل مختصر دستاویزی فلم کے سوشل میڈیا پر اجرا کا مختلف پہلوؤں سے مفصل جائزہ
- پاکستان کو 1971 کی طرز کے سنگین داخلی چیلنجز سے بچانے، تاریخ سے سبق حاصل کرنے اور عوام کو حقائق سے آگاہ کرنے کیلئے حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ کے فوری طور پر منظرِ عام پر لائے جانے کا مطالبہ
- ایف آئی اے کے جاری کردہ نوٹس کی روشنی میں سوشل میڈیا پر حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ کے مندرجات پر مشتمل دستاویزی فلم کے حوالے سے تفصیلی قانونی حکمتِ عملی کی تیاری قانونی ٹیم کے سپرد
- قومی معاملات خصوصاً سیاسی امور کو کلیتاً آئین و قانون کے دائرے میں رہ کر چلائے جانے اور افواجِ پاکستان کے آئینی حدود کی اندر رہ کر ملکی دفاع کی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے اصولی مؤقف کا اعادہ

- مشرقی پاکستان کا سقوط ہماری قومی تاریخ کا المناک ترین سانحہ ہے جس کے اسباب و محرّکات ہر لحاظ سے سیاسی ہیں۔
- حکومتِ پاکستان کے مقرر کردہ حمود الرحمٰن کمیشن نے اپنی رپورٹ میں تفصیل سے ان عوامل کا ذکر کیا ہے۔
- پاکستان تحریک انصاف نے گزشتہ دو برس کے دوران پیش آنے والے سیاسی واقعات کی ستّر کی دہائی میں رونما ہونے والے واقعات سے مماثلت اور ان واقعات کے المناک نتائج کی بنیاد پر آج کے ریاستی فیصلہ سازوں کو آئین کی حدود میں لوٹنے اور تاریخ سے سبق حاصل کرنے کا مخلصانہ اور دردمندانہ پیغام دیا ہے۔
- مشرقی پاکستان کے المناک سقوط میں سب سے کلیدی کردار عوامی مینڈیٹ کی توہین نے ادا کیا جو آج بھی اپنی تمام تر تباہ کاریوں سمیت کار فرما ہے۔
- بانی چیئرمین عمران خان نے فردِ واحد کی طاقت اور اقتدار کی بھوک کے ملک و قوم کی سالمیت، دستور، جمہوریت اور خصوصاً ہماری بہادر افواج پر جن نہایت مہلک اثرات کی نشاندہی کی وہ مکمل طور پر قابلِ فہم اور ہر محبِّ وطن کو دعوتِ فکر دیتے ہیں۔
- آئین و قانون کے دائرے میں ملکی سلامتی و سالمیت کے دفاع جیسے قومی فریضے کی انجام دہی میں بطور ادارہ اپنی افواج کے کردار کے ہمیشہ سے معترف ہیں جسے کبھی ہدفِ تنقید بنایا نہ بنائیں گے۔

## اجلاس میں 83ویں فارمیشن کمانڈرز کانفرنس کے اعلامیے کے مندرجات پر بھی سیر حاصل گفتگو

- 9 مئی کے واقعات کے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کے فارمیشن کمانڈرز کانفرنس کے نکتے کی اصولاً تائید کرتے ہیں۔
- پاکستان تحریک انصاف روزِاوّل سے 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کا ہدف تھی اور جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ اور نہتّے شہریوں کے قتل کی اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کرتی آئی ہے۔
- بانی چیئرمین عمران خان نے سپریم کورٹ میں کھڑے ہو کر 9 مئی کو پیش آنے والے پر تشدد واقعات کی مذمت کی۔
- بانی چیئرمین عمران خان نے بدترین ریاستی و سیاسی انتقام کا نشانہ بنائے جانے پر کسی ردّ عمل یا اشتعال کا شکار ہوئے بغیر منصفانہ اور شفاف عدالتی ٹرائلز کے ذریعے قانون کی حکمرانی پر اصرار کیا۔
- 9 مئی کے واقعات کو بدترین سیاسی انتقام کی آندھیاں چلا کر معصوم سیاسی کارکنوں کو وحشیانہ سلوک کا نشانہ بنانے یا ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو کچلنے کی کوششوں کی بجائے ایک اعلیٰ سطحی، بااختیار، اور غیر جانبدار عدالتی کمیشن تشکیل دے کر ان واقعات کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کی جائیں۔
- بنیادی سوال کا جواب دیا جائے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے اندر سے بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی نیم فوجی دستوں کے ذریعے پر تشدد، تضحیک آمیز اور یکسر غیر قانونی گرفتاری کا حکم کس نے دیا۔

- بانی چیئرمین عمران خان کی گرفتاری سمیت 9 مئی کی سی سی ٹی وی فوٹیجز کہاں ہیں اور کس کے حکم پر انہیں تمام مقامات سے صاف کیا گیا۔
- 9 مئی کے حوالے سے کم و بیش نصف درجن جھوٹے، من گھڑت اور بے بنیاد مقدمات میں سرکار کی جانب سے ثبوت پیش نہ کئے جانے پر عمران خان کی بریّت کے فیصلے ان کے اور ان کی جماعت کے سر تھوپے گئے لغو الزام کا پردہ چاک کرنے کیلئے کافی ہیں۔
- نفرت، تعصّب اور شخصی اہداف سے اوپر اٹھ کر معروضیت اور حقائق کی بنیاد پر فیصلہ سازی اداروں اور ریاست کی مضبوطی کیلئے ناگزیر ہے۔
- ملک میں پائے جانے والے اضطراب اور عوام میں ردّعمل کی کیفیت میں آئین سے بدترین انحراف، قانون و انصاف کی بے توقیری، جمہوریت، بنیادی حقوق اور عوام کے ووٹ کے حق کی بے حرمتی اور ننگا سیاسی انتقام کارفرما ہے۔
- عوام اور ریاستی اداروں کے مابین فاصلوں میں ناگزیر کمی کیلئے ریاست اور اس کے اداروں کو عوام کی مقتدر حیثیت کو تسلیم کرنا، انکے بنیادی حقوق کا احترام کرنا اور مسخ شدہ مجہول بیانیوں پر انحصار ختم کرکے عوام کی منشاء ہی کو قومی فیصلہ سازی کی بنیاد بنانا ہوگا۔

**اجلاس میں ایک جامع قانونی چارہ جوئی/حکمتِ عملی کے ذریعے چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ سے بانی چیئرمین عمران خان اور پاکستان تحریک انصاف سے متعلق مقدمات کی سماعتوں سے خود کو الگ کرنے کا باضابطہ مطالبہ کرنے کی بھی منظوری**

- واضح مفادات کے تصادم کے پیشِ نظر چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا ہمارے مقدمات کی سماعت کرنا منصفانہ ٹرائل کے بنیادی حق پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔

**اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف کے تنظیمی امور خصوصاً نچلی ترین سطح پر تنظیمی ڈھانچوں کو متحرک کرنے کے حوالے سے امور کا بھی جائزہ**

- مرکز سے لیکر نچلی ترین سطح تک تنظیمی ذمہ داران/ڈھانچوں کو ملک گیر پرامن احتجاج کی تیاریاں فی الفور مکمل کرنے کی ہدایت
- بانی چیئرمین عمران خان عنقریب ملک گیر پرامن احتجاج کی کال دینے کا ارادہ رکھتے ہیں، تمام تنظیمات بلاتاخیر تیاریاں مکمل کریں۔
- جب بھی بانی چیئرمین عمران خان ملک گیر احتجاج کیلئے اپنی قوم کو پکاریں گے، تحریک کا ہر کارکن میدانِ عمل میں نکلے گا، ان شاءاللہ۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ